And when Jesus came with clear messages, he said: “I have come to you with wisdom, and to make clear to you that which you are at variance with; therefore, be conscious of God and pay heed to me (63). Indeed, God is my Sustainer as well as yours; so be His subjects; this is the straight path (64). But some of their factions held divergent views. As a consequence, devastation is destined for those who violate justice and merit through the suffering of a grievous time (65). What do they wait for except that hour to come upon them all of a sudden without them sensing it (66). Friends on that day will become foes to each other except for the circumspect ones (67). God will say: “O My obedient subjects, there’s no fear or grief for you today (68), to those of you who have attained to faith in our messages and have surrendered to us (69); enter the life of peace and protection (al-jannata – الجنة), you and your companions, in a state of delight”(70). They would be served from all around with reading material (bi-sahaafin – بصِحاف) elaborating ways of action (min dhahabin – من ذهب) for them and there will be sighs of relief over what they have passed through (akwaabin – اكواب); and therein they will find all that their conscious self might desire and the eyes might delight in. And in such a state shall you abide (71), for such will be the life of peace and protection (al-Jannatu – الجنّة) which you all shall inherit by virtue of your past performance (72); there will be pleasantries in abundance from which to partake (73).

Of course, the criminals shall forever rot in the suffering of hell (74). It will not be lightened for them and they in it will be in a state of despair (75). And It is not We who would be cruel to them, but they themselves have been cruel (76). And they would cry: “O Guard, let your Lord put an end to our suffering”. He will reply, “You indeed are going to remain in this state (77), since We had conveyed the truth to you; but the majority of you hated it (78). If they had persisted in their disbelief, We shall also persist in punishing them. (79) Do they think that We don’t hear their hidden thoughts and their whisperings? It is not so; rather our agents attached to them keep writing everything (80). Tell them, “If the Most Gracious had an offspring, then I would be the first to be his subject. (81) The Lord of the Universe and the Earth, the sovereign Sustainer, is above all that they ascribe to Him (82). Therefore, leave them alone to indulge in idle talk and pastime until they come across the judgment day which has been promised to them (83), for God is the one who wields authority in the Universe and on the Earth and He is the most Wise and Knowledgeable (84). And He is the source of inspiration and for Him is the sovereignty of the Universe and the Earth and all that’s between them, and only He has got the knowledge of the Crucial Hour, and to Him you all shall be brought

back (85). And those who they invoke besides God have no power of intercession, except for those who have witnessed the truth and are aware of it (86). And if you had questioned them as to who has created them, they would certainly acknowledge that it is God. Still, how perverted are their minds!(87). And that explains the Messenger's words: "My Lord, these people are a community who are not going to believe" (88). Therefore, ignore them, O Messenger, and bid farewell to them; they are soon going to know their fate (89)."

Authentic meanings of some important words:

Sad-Ha-Fa = to write or read, dig. sahfatun (pl. sihaaf) - hollow, large dish. sahiifa - surface of the earth. sahiifatun (pl. suhuf) - heap of a book.

Thal-ha-Ba = to go, go away, depart, take away or go away with, consume, receive, pass along, die, be ended. Opinion, belief, way of action, rite. Hold an opinion, follow the opinion of, hold a belief, adapt an opinion. Gold.

Kaf-Waw-Ba (Kaf-Alif-Ba) = To drink out of a goblet. A mug or drinking cup without a handle, slenderness of neck with bigness of head**, a sighing or grief or regret for something that has past or escaped one.** A small drum slender in the middle or small stone such as fills the hand.

= **Ba-Ra-Miim** = became affected with disgust/loathing/aversion, to contrive/fix/determine, make it firm/solid/strong/sound, established/settled/arranged it firmly/strongly/thoroughly, he thought/meditated/considered it.

اُردو متن کی یہاں سے ابتدا ہوتی ہے

سلسلہ وار موضوعاتی تراجم کی قسط نمبر110

سورۃ الزّخرف [43]

ایک خالص علمی اور شعوری ترجمہ

پیش لفظ

اس سورۃ کا عنوان "الزّخرف" جس کا معنی سونے کے زیورات ہے، سورۃ کے کسی بڑے موضوع کی طرف اشارہ نہیں کرتا کیونکہ یہ صرف آیت 35 میں ارشاد کیے گئے دنیاوی مال و دولت اور عیش

و آرام کے بیانیے کا ایک حصہ ہے۔ سورۃ کا ایک اہم موضوع تو متن کی ابتدا ہی میں پیش کر دیا گیا ہے جو کہ قرآنی "مخفف" کہلائے جانے والے حروف "حا میم" سے شروع کیا گیا ہے۔ اس نام نہاد "خفیہ رمز" کی خالص لسانی بنیادوں پر عقدہ کشائی پر اس کا معنی قرآن کا نزول ثابت ہوا جو اُن کے لیے بھیجا گیا جو کسی الہامی راہنمائی کی جستجو میں بے تاب تھے۔ فلہٰذا قرآن کو ایک قوانین و اصولوں کا ماخذ اور ہدایت و دانائی عطا کرنے کا ذریعہ قرار دیا گیا۔ بعد ازاں اس سورۃ میں زیادہ تر نہایت فصیح البیانی کے ساتھ اُس پیش آگاہی کی تفصیل دی گئی ہے جو وحی کا انکار، اللہ تعالیٰ کے وجود کا انکار اور اُس ذاتِ پاک کی برتری کا انکار کرنے والوں کو دی جاتی رہی ہے، جو کہ اس پوری کائنات کا اور اس میں موجود تمام انواعِ زندگی کا خالق ہے۔ خالق کے تجویز کردہ اصول و قواعد کی بجائے انسانی من گھڑت نظریات کے اتباع پر تنقید کی گئی ہے۔ اور اس ضمن میں سابقہ دور میں گذرے معاشروں کی اور اُن کی راہنمائی کے لیے تعینات کردہ الہامی پیغمبروں کی تاریخ سے کئی حوالے بھی دیے گئے ہیں۔ مجموعی طور پر یہ حقائق کا ایک شاندار اظہاریہ ہے جس میں استحصالی حکمران طبقے کی سرکش فطرت کو بھی بے نقاب کیا گیا ہے۔

سورۃ الزخرف [43]

حم (١) وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ (٢) إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ (٣) وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ
حَكِيمٌ (٤) أَفَنَضْرِبُ عَنكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا أَن كُنتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِينَ (٥) وَكَمْ أَرْسَلْنَا مِن نَّبِيٍّ فِي الْأَوَّلِينَ (٦) وَمَا
يَأْتِيهِم مِّن نَّبِيٍّ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (٧) فَأَهْلَكْنَا أَشَدَّ مِنْهُم بَطْشًا وَمَضَىٰ مَثَلُ الْأَوَّلِينَ (٨) وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ
خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ (٩) الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا وَجَعَلَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا
لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ (١٠) وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَنشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ (١١) وَالَّذِي خَلَقَ
الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ (١٢) لِتَسْتَوُوا عَلَىٰ ظُهُورِهِ ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا
اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُولُوا سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ (١٣) وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ (١٤) وَجَعَلُوا
لَهُ مِنْ عِبَادِهِ جُزْءًا ۚ إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ مُّبِينٌ (١٥) أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنَاتٍ وَأَصْفَاكُم بِالْبَنِينَ (١٦) وَإِذَا بُشِّرَ
أَحَدُهُم بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ (١٧) أَوَمَن يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ
غَيْرُ مُبِينٍ (١٨) وَجَعَلُوا الْمَلَائِكَةَ الَّذِينَ هُمْ عِبَادُ الرَّحْمَٰنِ إِنَاثًا ۚ أَشَهِدُوا خَلْقَهُمْ ۚ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ
وَيُسْأَلُونَ (١٩) وَقَالُوا لَوْ شَاءَ الرَّحْمَٰنُ مَا عَبَدْنَاهُم ۗ مَّا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ (٢٠) أَمْ
آتَيْنَاهُمْ كِتَابًا مِّن قَبْلِهِ فَهُم بِهِ مُسْتَمْسِكُونَ (٢١) بَلْ قَالُوا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَىٰ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰ آثَارِهِم
مُّهْتَدُونَ (٢٢) وَكَذَٰلِكَ مَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ فِي قَرْيَةٍ مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَىٰ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰ
آثَارِهِم مُّقْتَدُونَ (٢٣) قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكُم بِأَهْدَىٰ مِمَّا وَجَدتُّمْ عَلَيْهِ آبَاءَكُمْ ۖ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ
كَافِرُونَ (٢٤) فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ (٢٥) وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ إِنَّنِي بَرَاءٌ
مِّمَّا تَعْبُدُونَ (٢٦) إِلَّا الَّذِي فَطَرَنِي فَإِنَّهُ سَيَهْدِينِ (٢٧) وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (٢٨) بَلْ
مَتَّعْتُ هَٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ جَاءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُولٌ مُّبِينٌ (٢٩) وَلَمَّا جَاءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوا هَٰذَا سِحْرٌ وَإِنَّا بِهِ
كَافِرُونَ (٣٠) وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هَٰذَا الْقُرْآنُ عَلَىٰ رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ (٣١) أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَتَ
رَبِّكَ ۚ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُم مَّعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُم بَعْضًا
سُخْرِيًّا ۗ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ (٣٢) وَلَوْلَا أَن يَكُونَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَن يَكْفُرُ بِالرَّحْمَٰنِ

لِبُيُوتِهِمْ سُقُفًا مِّن فِضَّةٍ وَمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُونَ (٣٣) وَلِبُيُوتِهِمْ أَبْوَابًا وَسُرُرًا عَلَيْهَا
يَتَّكِئُونَ (٣٤) وَزُخْرُفًا ۚ وَإِن كُلُّ ذَٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْآخِرَةُ عِندَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِينَ (٣٥) وَمَن يَعْشُ عَن
ذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ (٣٦) وَإِنَّهُمْ لَيَصُدُّونَهُمْ عَنِ السَّبِيلِ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُم
مُّهْتَدُونَ (٣٧) حَتَّىٰ إِذَا جَاءَنَا قَالَ يَا لَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِينُ (٣٨) وَلَن يَنفَعَكُمُ الْيَوْمَ إِذ
ظَّلَمْتُمْ أَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ (٣٩) أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ أَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَن كَانَ فِي ضَلَالٍ
مُّبِينٍ (٤٠) فَإِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَإِنَّا مِنْهُم مُّنتَقِمُونَ (٤١) أَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِي وَعَدْنَاهُمْ فَإِنَّا عَلَيْهِم
مُّقْتَدِرُونَ (٤٢) فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِي أُوحِيَ إِلَيْكَ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (٤٣) وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ لَّكَ
وَلِقَوْمِكَ ۖ وَسَوْفَ تُسْأَلُونَ (٤٤) وَاسْأَلْ مَنْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رُّسُلِنَا أَجَعَلْنَا مِن دُونِ الرَّحْمَٰنِ آلِهَةً
يُعْبَدُونَ (٤٥) وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَقَالَ إِنِّي رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ (٤٦) فَلَمَّا جَاءَهُم
بِآيَاتِنَا إِذَا هُم مِّنْهَا يَضْحَكُونَ (٤٧) وَمَا نُرِيهِم مِّنْ آيَةٍ إِلَّا هِيَ أَكْبَرُ مِنْ أُخْتِهَا ۖ وَأَخَذْنَاهُم بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ
يَرْجِعُونَ (٤٨) وَقَالُوا يَا أَيُّهَ السَّاحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِندَكَ إِنَّنَا لَمُهْتَدُونَ (٤٩) فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ
إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ (٥٠) وَنَادَىٰ فِرْعَوْنُ فِي قَوْمِهِ قَالَ يَا قَوْمِ أَلَيْسَ لِي مُلْكُ مِصْرَ وَهَٰذِهِ الْأَنْهَارُ تَجْرِي مِن
تَحْتِي ۖ أَفَلَا تُبْصِرُونَ (٥١) أَمْ أَنَا خَيْرٌ مِّنْ هَٰذَا الَّذِي هُوَ مَهِينٌ وَلَا يَكَادُ يُبِينُ (٥٢) فَلَوْلَا أُلْقِيَ عَلَيْهِ أَسْوِرَةٌ
مِّن ذَهَبٍ أَوْ جَاءَ مَعَهُ الْمَلَائِكَةُ مُقْتَرِنِينَ (٥٣) فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهُ فَأَطَاعُوهُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ (٥٤) فَلَمَّا
آسَفُونَا انتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ أَجْمَعِينَ (٥٥) فَجَعَلْنَاهُمْ سَلَفًا وَمَثَلًا لِّلْآخِرِينَ (٥٦) وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا
إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ (٥٧) وَقَالُوا أَآلِهَتُنَا خَيْرٌ أَمْ هُوَ ۚ مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلًا ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ
خَصِمُونَ (٥٨) إِنْ هُوَ إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنَاهُ مَثَلًا لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ (٥٩) وَلَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَا مِنكُم مَّلَائِكَةً فِي
الْأَرْضِ يَخْلُفُونَ (٦٠) وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُونِ ۚ هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ (٦١) وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ
الشَّيْطَانُ ۖ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ (٦٢) وَلَمَّا جَاءَ عِيسَىٰ بِالْبَيِّنَاتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُم بِالْحِكْمَةِ وَلِأُبَيِّنَ لَكُم بَعْضَ الَّذِي
تَخْتَلِفُونَ فِيهِ ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ (٦٣) إِنَّ اللَّهَ هُوَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۚ هَٰذَا صِرَاطٌ
مُّسْتَقِيمٌ (٦٤) فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِن بَيْنِهِمْ ۖ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ أَلِيمٍ (٦٥) هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا
السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (٦٦) الْأَخِلَّاءُ يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا الْمُتَّقِينَ (٦٧) يَا عِبَادِ لَا
خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَا أَنتُمْ تَحْزَنُونَ (٦٨) الَّذِينَ آمَنُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا مُسْلِمِينَ (٦٩) ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ
تُحْبَرُونَ (٧٠) يُطَافُ عَلَيْهِم بِصِحَافٍ مِّن ذَهَبٍ وَأَكْوَابٍ ۖ وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ ۖ وَأَنتُمْ فِيهَا
خَالِدُونَ (٧١) وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٧٢) لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِّنْهَا تَأْكُلُونَ (٧٣) إِنَّ
الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُونَ (٧٤) لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ (٧٥) وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِن كَانُوا هُمُ
الظَّالِمِينَ (٧٦) وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۖ قَالَ إِنَّكُم مَّاكِثُونَ (٧٧) لَقَدْ جِئْنَاكُم بِالْحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَكُمْ
لِلْحَقِّ كَارِهُونَ (٧٨) أَمْ أَبْرَمُوا أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُونَ (٧٩) أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُم ۚ بَلَىٰ وَرُسُلُنَا
لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ (٨٠) قُلْ إِن كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ وَلَدٌ فَأَنَا أَوَّلُ الْعَابِدِينَ (٨١) سُبْحَانَ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبِّ
الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ (٨٢) فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ (٨٣) وَهُوَ الَّذِي فِي
السَّمَاءِ إِلَٰهٌ وَفِي الْأَرْضِ إِلَٰهٌ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ (٨٤) وَتَبَارَكَ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا
وَعِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (٨٥) وَلَا يَمْلِكُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَن شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ
يَعْلَمُونَ (٨٦) وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۖ فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ (٨٧) وَقِيلِهِ يَا رَبِّ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ قَوْمٌ لَّا
يُؤْمِنُونَ (٨٨) فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلَامٌ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (٨٩)

متوارث روایتی تراجم کا ایک نمونہ

ح م **(1)** قسم ہے اِس واضح کتاب کی **(2)** کہ ہم نے اِسے عربی زبان کا قرآن بنایا ہے تاکہ تم لوگ اِسے سمجھو **(3)** اور در حقیقت یہ ام الکتاب میں ثبت ہے، ہمارے ہاں بڑی بلند مرتبہ اور حکمت سے لبریز کتاب **(4)** اب کیا ہم تم سے بیزار ہو کر یہ درس نصیحت تمہارے ہاں بھیجنا چھوڑ دیں صرف اِس لیے کہ تم حد سے گزرے ہوئے لوگ ہو؟ **(5)** پہلے گزری ہوئی قوموں میں بھی بارہا ہم نے نبی بھیجے ہیں **(6)** کبھی ایسا نہیں ہوا کہ کوئی نبی اُن کے ہاں آیا ہو اور انہوں نے اُس کا مذاق نہ اڑایا ہو **(7)** پھر جو لوگ اِن سے بدرجہا زیادہ طاقتور تھے اُنہیں ہم نے ہلاک کر دیا، پچھلی قوموں کی مثالیں گزر چکی ہیں **(8)** اگر تم اِن لوگوں سے پوچھو کہ زمین اور آسمانوں کو کس نے پیدا کیا ہے تو یہ خود کہیں گے کہ انہیں اُسی زبردست علیم ہستی نے پیدا کیا ہے **(9)** وہی نا جس نے تمہارے لیے اس زمین کو گہوارہ بنایا اور اس میں تمہاری خاطر راستے بنا دیے تاکہ تم اپنی منزل مقصود کی راہ پاسکو**(10)** جس نے ایک خاص مقدار میں آسمان سے پانی اتارا اور اس کے ذریعہ سے مردہ زمین کو جلا اٹھایا، اِسی طرح ایک روز تم زمین سے برآمد کیے جاؤ گے **(11)** وہی جس نے یہ تمام جوڑے پیدا کیے، اور جس نے تمہارے لیے کشتیوں اور جانوروں کو سواری بنایا تاکہ تم اُن کی پشت پر چڑھو **(12)** اور جب اُن پر بیٹھو تو اپنے رب کا احسان یاد کرو اور کہو کہ "پاک ہے وہ جس نے ہمارے لیے اِن چیزوں کو مسخر کر دیا ورنہ ہم انہیں قابو میں لانے کی طاقت نہ رکھتے تھے **(13)** اور ایک روز ہمیں اپنے رب کی طرف پلٹنا ہے) **(14)** "یہ سب کچھ جانتے اور مانتے ہوئے بھی) اِن لوگوں نے اُس کے بندوں میں سے بعض کو اس کا جز بنا ڈالا، حقیقت یہ ہے کہ انسان کھلا احسان فراموش ہے **(15)** کیا اللہ نے اپنی مخلوق میں سے اپنے لیے بیٹیاں انتخاب کیں اور تمہیں بیٹوں سے نوازا؟ **(16)** اور حال یہ ہے کہ جس اولاد کو یہ لوگ اُس خدائے رحمان کی طرف منسوب کرتے ہیں اُس کی ولادت کا مژدہ جب خود اِن میں سے کسی کو دیا جاتا ہے تو اُس کے منہ پر سیاہی چھا جاتی ہے اور وہ غم سے بھر جاتا ہے **(17)** کیا اللہ کے حصے میں وہ اولاد آئی جو زیوروں میں پالی جاتی ہے اور بحث و حجت میں اپنا مدعا پوری طرح واضح بھی نہیں کر سکتی؟ **(18)** انہوں نے فرشتوں کو، جو خدائے رحمان کے خاص بندے ہیں، عورتیں قرار دے لیا کیا اُن کے جسم کی ساخت اِنہوں نے دیکھی ہے؟ اِن کی گواہی لکھ لی جائے گی اور انہیں اس کی جوابدہی کرنی ہو گی **(19)** یہ کہتے ہیں "اگر خدائے رحمٰن چاہتا (کہ ہم اُن کی عبادت نہ کریں) تو ہم کبھی اُن کو نہ پوجتے" یہ اس معاملے کی حقیقت کو قطعی نہیں جانتے، محض تیر تکے لڑاتے ہیں **(20)** کیا ہم نے اِس سے پہلے کوئی کتاب اِن کو دی تھی جس کی سند (اپنی اِس ملائکہ پرستی کے لیے) یہ اپنے پاس رکھتے ہوں؟ **(21)** نہیں، بلکہ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا ہے اور ہم اُنہی کے نقش قدم پر چل رہے ہیں**(22)** اِسی طرح تم سے پہلے جس بستی میں بھی ہم نے کوئی نذیر بھیجا، اُس کے کھاتے پیتے لوگوں نے یہی کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا ہے اور ہم اُنہی کے نقش قدم کی پیروی کر رہے ہیں **(23)** ہر نبی نے ان سے پوچھا، کیا تم اُسی ڈگر پر چلے جاؤ گے خواہ میں اُس راستے سے زیادہ صحیح راستہ تمہیں بتاؤں جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے؟ انہوں نے سارے رسولوں کو یہی جواب دیا کہ جس دین کی طرف بلانے کے لیے تم بھیجے گئے ہو ہم اُس کے کافر ہیں **(24)** آخر کار ہم نے اُن کی خبر لے ڈالی اور دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا **(25)** یاد کرو وہ وقت جب ابراہیمؑ نے اپنے

باپ اور اپنی قوم سے کہا تھا کہ "تم جن کی بندگی کرتے ہو میرا اُن سے کوئی تعق نہیں **(26)** میرا تعلق صرف اُس سے ہے جس نے مجھے پیدا کیا، وہی میری رہنمائی کرے گا **(27)** "اور ابراہیمؑ یہی کلمہ اپنے پیچھے اپنی اولاد میں چھوڑ گیا تاکہ وہ اِس کی طرف رجوع کریں) **(28)** اس کے باوجود جب یہ لوگ دوسروں کی بندگی کرنے لگے تو میں نے ان کو مٹا نہیں دیا) بلکہ میں اِنہیں اور اِن کے باپ دادا کو متاع حیات دیتا رہا یہاں تک کہ اِن کے پاس حق، اور کھول کھول کر بیان کرنے والا رسول آگیا **(29)** مگر جب وہ حق اِن کے پاس آیا تو اِنہوں نے کہہ دیا کہ یہ تو جادو ہے اور ہم اس کو ماننے سے انکار کرتے ہیں **(30)** کہتے ہیں، یہ قرآن دونوں شہروں کے بڑے آدمیوں میں سے کسی پر کیوں نہ نازل کیا گیا؟ **(31)** کیا تیرے رب کی رحمت یہ لوگ تقسیم کرتے ہیں؟ دنیا کی زندگی میں اِن کی گزر بسر کے ذرائع تو ہم نے اِن کے درمیان تقسیم کیے ہیں، اور اِن میں سے کچھ لوگوں کو کچھ دوسرے لوگوں پر ہم نے بدرجہا فوقیت دی ہے تاکہ یہ ایک دوسرے سے خدمت لیں اور تیرے رب کی رحمت اُس دولت سے زیادہ قیمتی ہے جو (اِن کے رئیس) سمیٹ رہے ہیں **(32)** اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ سارے لوگ ایک ہی طریقے کے ہو جائیں گے تو خدائے رحمان سے کفر کرنے والوں کے گھروں کی چھتیں، اور ان کی سیڑھیاں جن سے وہ اپنے بالا خانوں پر چڑھتے ہیں**(33)** اور اُن کے دروازے، اور ان کے تخت جن پر وہ تکیے لگا کر بیٹھتے ہیں **(34)** سب چاندی اور سونے کے بنوا دیتے یہ تو محض حیات دنیا کی متاع ہے، اور آخرت تیرے رب کے ہا ں صرف متقین کے لیے ہے **(35)** جو شخص رحمان کے ذکر سے تغافل برتتا ہے، ہم اس پر ایک شیطان مسلط کر دیتے ہیں اور وہ اُس کا رفیق بن جاتا ہے **(36)** یہ شیاطین ایسے لوگو ں کو راہ راست پر آنے سے روکتے ہیں، اور وہ اپنی جگہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم ٹھیک جا رہے ہیں **(37)** آخر کار جب یہ شخص ہمارے ہاں پہنچے گا تو اپنے شیطان سے کہے گا، "کاش میرے اور تیرے درمیان مشرق و مغرب کا بُعد ہوتا، تُو تو بد ترین ساتھی نکلا **(38)** "اُس وقت اِن لوگوں سے کہا جائے گا کہ جب تم ظلم کر چکے تو آج یہ بات تمہارے لیے کچھ بھی نافع نہیں ہے کہ تم اور تمہارے شیاطین عذاب میں مشترک ہیں **(39)** اب کیا اے نبیؐ، تم بہروں کو سناؤ گے؟ یا اندھوں اور صریح گمراہی میں پڑے ہوئے لوگوں کو راہ دکھاؤ گے؟ **(40)** اب تو ہمیں اِن کو سزا دینی ہے خواہ تمہیں دنیا سے اٹھا لیں **(41)** یا تم کو آنکھوں سے اِن کا وہ انجام دکھا دیں جس کا ہم نے اِن سے وعدہ کیا ہے، ہمیں اِن پر پوری قدرت حاصل ہے **(42)** تم بہر حال اُس کتاب کو مضبوطی سے تھامے رہو جو وحی کے ذریعہ سے تمہارے پاس بھیجی گئی ہے، یقیناً تم سیدھے راستے پر ہو **(43)** حقیقت یہ ہے کہ یہ کتاب تمہارے لیے اور تمہاری قوم کے لیے ایک بہت بڑا شرف ہے اور عنقریب تم لوگوں کو اس کی جواب دہی کرنی ہو گی **(44)** تم سے پہلے ہم نے جتنے رسول بھیجے تھے اُن سب سے پوچھ دیکھو، کیا ہم نے خدائے رحمان کے سوا کچھ دوسرے معبود بھی مقرر کیے تھے کہ اُن کی بندگی کی جائے؟ **(45)** ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اُس کے اعیان سلطنت کے پاس بھیجا، اور اس نے جا کر کہا کہ میں رب العالمین کا رسول ہوں **(46)** پھر جب اُس نے ہماری نشانیاں ان کے سامنے پیش کیں تو وہ ٹھٹھے مارنے لگے**(47)** ہم ایک پر ایک ایسی نشانی اُن کو دکھاتے چلے گئے جو پہلی سے بڑھ چڑھ کر تھی، اور ہم نے اُن کو عذاب میں دھر لیا تاکہ وہ اپنی روش سے باز آئیں **(48)** ہر عذاب کے موقع پر وہ کہتے، اے ساحر، اپنے رب کی طرف سے جو منصب تجھے حاصل ہے اُس کی بنا پر ہمارے لیے اُس سے دعا کر، ہم ضرور راہ راست پر آ جائیں گے **(49)** مگر جوں ہی کہ ہم ان پر سے عذاب ہٹا دیتے وہ اپنی بات سے پھر جاتے

تھے **(50)** ایک روز فرعون نے اپنی قوم کے درمیان پکار کر کہا، "لوگو، کیا مصر کی بادشاہی میری
نہیں ہے، اور یہ نہریں میرے نیچے نہیں بہہ رہی ہیں؟ کیا تم لوگوں کو نظر نہیں آتا؟ **(51)** میں بہتر
ہوں یا یہ شخص جو ذلیل و حقیر ہے اور اپنی بات بھی کھول کر بیان نہیں کر سکتا؟ **(52)** کیوں نہ اس
پر سونے کے کنگن اتارے گئے؟ یا فرشتوں کا ایک دستہ اس کی اردلی میں نہ آیا؟ **(53)** "اُس نے اپنی
قوم کو ہلکا سمجھا اور انہوں نے اس کی اطاعت کی، در حقیقت وہ تھے ہی فاسق لوگ **(54)** آخر کار
جب انہوں نے ہمیں غضب ناک کر دیا تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور ان کو اکٹھا غرق کر دیا **(55)** اور
بعد والوں کے لیے پیش رو اور نمونہ عبرت بنا کر رکھ دیا **(56)** اور جونہی کہ ابن مریم کی مثال دی
گئی، تمہاری قوم کے لوگوں نے اس پر غل مچا دیا **(57)** اور لگے کہنے کہ ہمارے معبود اچھے ہیں یا
وہ؟ یہ مثال وہ تمہارے سامنے محض کج بحثی کے لیے لائے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ یہ ہیں ہی جھگڑالو
لوگ **(58)** ابن مریمؑ اِس کے سوا کچھ نہ تھا کہ ایک بندہ تھا جس پر ہم نے انعام کیا اور بنی اسرائیل
کے لیے اپنی قدرت کا ایک نمونہ بنا دیا **(59)** ہم چاہیں تو تم سے فرشتے پیدا کر دیں جو زمین میں
تمہارے جانشین ہوں**(60)** اور وہ دراصل قیامت کی ایک نشانی ہے، پس تم اُس میں شک نہ کرو اور
میری بات مان لو، یہی سیدھا راستہ ہے **(61)** ایسا نہ ہو شیطان تم کو اُس سے روک دے کہ وہ تمہارا
کھلا دشمن ہے **(62)** اور جب عیسیٰؑ صریح نشانیاں لیے ہوئے آیا تھا تو اس نے کہا تھا کہ "میں تم
لوگوں کے پاس حکمت لے کر آیا ہوں، اور اس لیے آیا ہوں کہ تم پر بعض اُن باتوں کی حقیقت کھول
دوں جن میں تم اختلاف کر رہے ہو، لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو **(63)** حقیقت یہ ہے کہ
اللہ ہی میرا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی اُسی کی تم عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہے **(64)** "مگر
(اُس کی اِس صاف تعلیم کے باوجود) گروہوں نے آپس میں اختلاف کیا، پس تباہی ہے اُن لوگوں کے
لیے جنہوں نے ظلم کیا ایک دردناک دن کے عذاب سے **(65)** کیا یہ لوگ اب بس اِسی چیز کے منتظر
ہیں کہ اچانک اِن پر قیامت آ جائے اور انہیں خبر بھی نہ ہو؟ **(66)** وہ دن جب آئے گا تو متقین کو چھوڑ
کر باقی سب دوست ایک دوسرے کے دشمن ہو جائیں گے **(67)** اُس روز اُن لوگوں سے جو ہماری آیات
پر ایمان لائے تھے اور مطیع فرمان بن کر رہے تھے **(68)** کہا جائے گا کہ "اے میرے بندو، آج
تمہارے لیے کوئی خوف نہیں اور نہ تمہیں کوئی غم لاحق ہوگا **(69)** داخل ہو جاؤ جنت میں تم اور
تمہاری بیویاں، تمہیں خوش کر دیا جائے گا **(70)** "اُن کے آگے سونے کے تھال اور ساغر گردش
کرائے جائیں گے اور ہر من بھاتی اور نگاہوں کو لذت دینے والی چیز وہاں موجود ہو گی ان سے کہا
جائے گا، "تم اب یہاں ہمیشہ رہو گے **(71)** تم اِس جنت کے وارث اپنے اُن اعمال کی وجہ سے ہوئے ہو
جو تم دنیا میں کرتے رہے **(72)** تمہارے لیے یہاں بکثرت فواکہ موجود ہیں جنہیں تم کھاؤ گے**(73)** "
رہے مجرمین، تو وہ ہمیشہ جہنم کے عذاب میں مبتلا رہیں گے **(74)** کبھی اُن کے عذاب میں کمی نہ ہو
گی، اور وہ اس میں مایوس پڑے ہوں گے **(75)** ان پر ہم نے ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی اپنے اوپر
ظلم کرتے رہے **(76)** وہ پکاریں گے، "اے مالک، تیرا رب ہمارا کام ہی تمام کر دے تو اچھا ہے" وہ
جواب دے گا، "تم یوں ہی پڑے رہو گے **(77)** ہم تمہارے پاس حق لے کر آئے تھے مگر تم میں سے
اکثر کو حق ہی ناگوار تھا **(78)** "کیا اِن لوگوں نے کوئی اقدام کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے؟ اچھا تو ہم
بھی پھر ایک فیصلہ کیے لیتے ہیں **(79)** کیا اِنہوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ ہم اِن کی راز کی باتیں اور
اِن کی سرگوشیاں سنتے نہیں ہیں؟ ہم سب کچھ سن رہے ہیں اور ہمارے فرشتے اِن کے پاس ہی لکھ
رہے ہیں **(80)** اِن سے کہو، "اگر واقعی رحمان کی کوئی اولاد ہوتی تو سب سے پہلے عبادت کرنے

والا میں ہوتا **(81)** "پاک ہے آسمانوں اور زمین کا فرماں روا عرش کا مالک، اُن ساری باتوں سے جو یہ لوگ اُس کی طرف منسوب کرتے ہیں **(82)** اچھا، اِنہیں اپنے باطل خیالات میں غرق اور اپنے کھیل میں منہمک رہنے دو، یہاں تک کہ یہ اپنا وہ دن دیکھ لیں جس کا اِنہیں خوف دلایا جا رہا ہے **(83)** وہی ایک آسمان میں بھی خدا ہے اور زمین میں بھی خدا، اور وہی حکیم و علیم ہے **(84)** بہت بالا و برتر ہے وہ جس کے قبضے میں زمین اور آسمانوں اور ہر اُس چیز کی بادشاہی ہے جو زمین و آسمان کے درمیان پائی جاتی ہے اور وہی قیامت کی گھڑی کا علم رکھتا ہے، اور اسی کی طرف تم سب پلٹائے جانے والے ہو **(85)** اُس کو چھوڑ کر یہ لوگ جنہیں پکارتے ہیں وہ کسی شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے، الا یہ کہ کوئی علم کی بنا پر حق کی شہادت دے **(86)** اور اگر تم اِن سے پوچھو کہ اِنہیں کس نے پیدا کیا ہے تو یہ خود کہیں گے کہ اللہ نے- پھر کہاں سے یہ دھوکا کھا رہے ہیں **(87)** قسم ہے رسولؐ کے اِس قول کی کہ اے رب، یہ وہ لوگ ہیں جو مان کر نہیں دیتے **(88)** اچھا، اے نبیؐ، اِن سے درگزر کرو اور کہہ دو کہ سلام ہے تمہیں، عنقریب اِنہیں معلوم ہو جائے گا**(89)** **[مودودی]**

شفّاف ترین علمی و شعوری ترجمہ

"پریشان اور تلاش میں بھٹکتے اذہان کے لیے قولِ فیصل جاری کر دیا گیا ہے [حٰم] [1] {*مقطع حامیم کی مکمل تشریح کے لیے دیکھیں: موضوعاتی تراجم قسط نمبری 84*}؛ اور یہ ہے وہ روشن اور واضح کتاب [2] جسے ہم نے ایک فصیح و بلیغ [عربیا] کلام [قرآنا] کی شکل دی تاکہ تم سب اپنی عقل و شعورسے کام لے سکو [3]- اور درحقیقت یہ ہمارے پاس قانون کے ایک بنیادی ماخذ کے طور پر [فی اُمّ الکتاب] موجود ہے اور بلا شبہ بلند درجے کا حامل اور دانش سے پُر ہے [4]- کیا ہمیں چاہیئے کہ یہ تحریری یاد دہانی [الذکر صفحا] تم سے دور کر دیں [نضرب عنکم] محض اس لیے کہ تم ایک ایسی قوم ہو جو حدود فراموشی کا ارتکاب کرتے ہو؟[5] جبکہ صورتِ حال تو یہ ہے کہ کتنے نبی ہیں جو ہم متقدمین کے درمیان بھیجتے رہے ہیں [6]، اور کبھی ان کی جانب ایک بھی نبی ایسا نہ آیا ہوگا جسے انہوں نے استہزاء یا تضحیک کا نشانہ نہ بنایا ہو [7]- انجامِ کار، ہم نے ان میں سے طاقتور ترین کو بھی برباد کر دیا اور اُن سابقین کی مثالیں بھی ماضی کا حصہ بن کر رہ گئیں [8]- اور اگر تم نے اُن سے پوچھا ہوتا کہ کائنات اور زمین کو کس نے تخلیق کیا ہے تو وہ بھی ضرور اقرار کرتے کہ ان کو اسی ذی قوت و علم ہستی نے پیدا کیا ہے [9] وہی جس نے تمہارے لیےاس زمین کو ہموار بنایا اور تمہارے لیے اس پر رسائی کے راستے پیدا کیے تاکہ تم راہنمائی پا سکو [10]؛ اور وہ جس نے مخصوص مقداروں میں بلندیوں سے پانی برسایا- پھر [وہ کہتا ہے کہ] ہم نے اُس کے ذریعے مردہ زمین کو زندگی بخشی- اسی انداز میں وہ تم سب کو زندگی دیتا ہے [11]؛ اور وہ جس نے زندگی کی تمام انواع [الازواج] کو تخلیق کیا اور تمہارے لیے جاری و ساری معاشرہ /بستی [الفُلک]بنا دی اور وہ تمام نعمتیں [الانعام] پیدا کر دیں جوتم استعمال کرتے ہو[ما ترکبون] [12] تاکہ تم اِس کے ظہورمیں آنے پر وہاں قائم ہو جاو اور پھر اللہ کی نعمت کو ذہن میں رکھو جب تم اُس مقام پر خود کو سیٹل/قائم کر لو اور یہ اقرارکرنے لگو کہ بلند ہے وہ ذاتِ پاک جس نے اسے ہمارے فائدے کے لیے ہمارے تابع کیا جب کہ ہم اس قابل نہ تھے کہ اسے مضبوطی سے جوڑ کر متحد کر سکیں [مقرنین]؛ [13] اور یہ کہیں کہ بے شک ہمیں اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹنا ہے [14]- لیکن اس کے باوجود بھی ان لوگوں نے اُس ذاتِ پاک کی بندگی کرنے والوں میں سے ہی اس کی ذات کے چھوٹے حصّےیا ٹکڑے بنا ڈالے! درحقیقت یہ انسان تو نہایت ہی نا شکر گذار ہے[15]- کیا اُس ذاتِ پاک نےاپنی ہی مخلوق میں سے خود کے لیے ایسی کمزور اصناف کا انتخاب کرلیا اور تمہیں دلیری و شجاعت کے

اوصاف رکھنےوالوں سے نواز دیا؟[16] پھر جب تم میں سے کوئی اُس صنف کے آنے خبر سنتا ہے جس کی مثال وہ الرحمان جیسی ہستی کے لیے دیتا ہے، تو اُس کے چہرے پر سیاہی چھا جاتی ہے اور وہ غمگین ہو جاتا ہے [17]۔ کیا وہ اپنے لیے ایسی چیز منتخب کرے گا جسے زیورات سے سجا کر کھڑا کردیا گیا ہے اور جو کسی مباحثے یا دلائل کے معاملے میں چُپ سادھے رہتا ہے؟[18] اور ان لوگوں نے اُن قوتوں کو بھی جو اللہ کے ماتحت ہیں، مونث یعنی کمزور صنف کا درجہ دیا ہوا ہے؛ کیا انہوں نے اُن کی تخلیق کا مشاہدہ کیا ہے؟ اس صورت میں ان کی شہادت لکھ لی جائے گی اور انہیں اُس کی جوابدہی کرنی ہوگی [19]۔ پھر وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اگروہ رحمان چاہتا تو ہم ان چیزوں کی پیروی نہ کرتے۔ یہ لوگ اس معاملے کی حقیقت کا علم نہیں رکھتے۔ یہ وہ ہیں جو صرف من گھڑت باتیں کرتے ہیں [20]۔ کیا ہم نے اس قرآن سے قبل انہیں کوئی کتاب دی ہے کہ جس سے یہ متمسّک رہتے ہوں؟[21] اس کی بجائے یہ تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے آبا و اجداد کو ایک خاص نظریے پر پایا ہے اور ہم انہی کے نقوشِ قدم سے راہنمائی لیتےہیں [22]۔

اسی کی مانند ہم نے جو بھی پیش آگاہی کرنے والا تم سے قبل کسی بھی بستی میں بھیجا تو اُس کے سرمایہ داروں نے بلا استثناء یہی کہا کہ ہم نے اپنے ابا و اجداد کو ایک مقررہ نظریے پر پایا ہے اور ہم اُنہی کے نقوشِ قدم کی اقتدا یا پیروی کرتے ہیں [23]۔ پیش آگاہی کرنے والا کہتا "خواہ میں تمہارے پاس اُس سے بہتر ہدایت لے کر آیا ہوں جس پر تم نے اپنے آباء کو پایا ہے؟" وہ کہتے، "ہم اُس سے انکار کرتے ہیں جو کچھ کہ تم لےکر آئے ہو"[24]۔ فلھٰذا ہم نے اُن سے اس بات کا انتقام لیا۔ تو دیکھو کہ جھوٹوں کا کیا انجام ہوا [25]۔

اور وہ موقع یاد کرو جب ابراھیم نے اپنے والد اور اپنی قوم سے کہا تھا کہ میرا اُس سے کوئی تعلق نہیں جس کی تم بندگی کرتے ہو [26] اور صرف اُس کے ساتھ ہے جس نے مجھے تخلیق کیا اور وہی میری راہنمائی کرے گا [27]۔ پھر وہ اپنے پیچھے باقی رہ جانے والا سچ چھوڑ گیا تاکہ وہ اُس کی طرف رجوع کرسکیں [28]۔ تاہم میں نے ان لوگوں اور ان کے آباء کو اپنی زندگیوں سے فائدہ اُٹھانے کی مہلت دے دی جب تک کہ صدق بسیط اور ایک فصیح و بلیغ پیغامبر ان تک نہ پہنچ جائے [29]۔ لیکن وہ آفاقی سچائی ان تک پہنچی توانہوں نے کہ دیا کہ یہ تو ایک دھوکا ہے اور ہم اسے ماننے سے انکاری ہیں [30]، اور کہنے لگے کہ یہ قرآن انہی دونوں بستیوں کے کسی بڑے نامور آدمی پر کیوں نازل نہ ہوا[31]۔ کیا تمہارے پروردگار کی رحمت کو یہ لوگ بانٹتے ہیں؟ اس دنیا کی زندگی میں تو ان کی گذر اوقات کا سامان ان کےدرمیان ہم نے ہی تقسیم کیا ہے، اور ان میں سے بعض کو بعض پر فوقیت دی ہے تاکہ کچھ لوگ باقی لوگوں کو کنٹرول میں رکھ کر خدمات پر مامور کر سکیں۔ تمہارے پروردگار کی یہ رحمت اس سب سے بہتر ہے جو یہ لوگ جمع کرتے رہتے ہیں [32]۔ اگر ایسا ممکن ہوتا کہ تمام انسان ایک ہی روش پر چلنے والی قوم بن جاتے تو ہم ان خدائے رحمان کے انکاریوں کے لیے بھی ان کے گھروں کے لیے چھتیں اور سیڑھیاں چاندی کی بنا دیتے جن پر یہ چڑھا کرتے [33] اور ان کے لیے دروازے اور آرام کرنے کی نشستگاہیں بھی [34] اور طلائی زیورات بھی۔ لیکن یہ سب کچھ تو محض دنیاوی زندگی کا سامان ہے، جب کہ تمہارے پروردگار کے پاس جوآخرت کی زندگی ہے، وہ تو پرہیزگاروں کے لیے مختص ہے [35]۔ اسی لیے جو خدائے رحمان کی یاد دہانیاں کو نظر انداز کر دیتے ہیں، تو ہم اُن پر سرکشی کی جبلت کو[شیطانا] مسلط کر دیتے ہیں، پس وہی اس کے لیے رفیق ہو جاتی ہے [36]۔ اور پھر یہی سرکشی کے اثرات انہیں راہِ راست سے روک لیتے ہیں اور وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ ہدایت کے راستے پر ہیں [37] یہاں تک کہ جب ایسا انسان ہمارے پاس پہنچتا ہے تو اپنے اس رفیق سے کہتا ہے، "اے کاش تیرے اور میرے درمیان دو افقوں کی دوری ہوتی۔ تُو کیسا بدترین ساتھی تھا [38]۔ لیکن اُس مرحلے میں یہ اعتراف

تمہیں کوئی فائدہ نہ پہنچائے گا کیونکہ تم نے ظلم و زیادتی کا ارتکاب کیا ہوگا اور تم یقینا سزا میں بھی ساتھ ہی اشتراک کروگے [39]۔ اے پیغمبر، کیا تم بہرے لوگوں کو سماعت دے سکوگے، یا اندھے لوگوں کو گائیڈ کر سکو گے جبکہ وہ صریح گمراہی میں پڑے ہوں [40]۔ فلہٰذا خوہ ہم تمہیں وہاں سے اُٹھا لیں، ہمیں تو ان لوگوں سے انتقام لینا ہی ہے [41]، یا پھر ہم ان کا وہ انجام تمہیں دکھا دیں جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے۔ بہر حال ہم ان کی زندگیوں پرمکمل طور پر قدرت رکھتے ہیں [42]۔ بس تم خود کو اُسی علم کے ساتھ جوڑے رکھو جو ہم نے تمہیں وحی کیا ہے۔ بیشک تم سیدھے راستے پر قائم ہو [43] کیونکہ یہ قرآن درحقیقت تمہارے اور تمہاری قوم کے لیے ایک یاد دہانی اور شرف ہے۔ اور تم سب سے جلد ہی اس بارے میں باز پُرس کی جائے گی [تُسالون][44]۔ اور تم بے شک خود سے قبل کے ہمارے بھیجے ہوئے رسولوں سے سوال کر کے پوچھ لو کہ کیا ہم نے کبھی خدائے رحمان کے علاوہ بھی کوئی دیگر خدایان مقرر کیے تھے کہ جن کی بندگی کی جائے؟[45]

اور ہم نے موسیٰ کو اپنے پیغامات کے ساتھ فرعون اور اُس کے سرکردہ لوگوں کی جانب بھیجا تھا، پس اُس نے انہیں کہا کہ میں اقوامِ عالم کے پروردگار کی جانب سے ایک رسول ہوں [46]۔ پھر جب اُس نے ہمارے پیغامات اُن کے سامنے پیش کیے تو وہ اُن کا مضحکہ اُڑانے لگے [47] حالانکہ جو بھی نشانی ہم نے انہیں دکھائی وہ ہرسابقہ نشانی سے بڑھ کر تھی۔ پھر ہم نے انہیں عذاب میں پکڑ لیا تاکہ وہ اپنی روش سے رجوع کر لیں [48]۔ تاہم ہر بار وہ یہ کہتے کہ اے مسحور کر دینے والے، اپنے پروردگار سے اپنے منصب کی بنا پر ہمارے لیے دعا کر کہ ہم ضرورہدایت پا جائیں [49]۔ لیکن جب بھی ہم نے اُن پر سے سزا کو ہٹا دیا تو وہ اپنے عہد سے پھر جاتے تھے۔ [50] پھر فرعون نے اپنی قوم کو پکارا اور کہا، "اے لوگو، کیا مصرکی بادشاہی میری نہیں، اور کیا یہ دریا میری ماتحتی میں نہیں بہتے؟ کیا تمہیں یہ سب نظر نہیں آتا؟[51] کیا میں اس شخص سے بہتر نہیں ہوں جو ذلیل و حقیر ہے اور کھُل کر اظہار بھی نہیں کر سکتا؟[52] اور کیوں نہ اس پر سونے کے کنگن اُتارے گئے یا اس کے ہمراہ طاقتور لوگوں کا ایک پروٹوکول کیوں نہ آیا [53]۔ اس طرح اُس نے اپنی قوم کو خفیف کیا تو انہوں نے اُس کی تابع فرمانی کی کیونکہ وہ مجرمانہ ذہنیت رکھنے والی قوم تھی [54]۔ آخر جب ان کی حرکتیں ہمارے غم و غصے کا موجب بن گئیں تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور انہیں اجتماعی طور پر ذلت میں غرق کر دیا [55]۔ پھر ہم نے انہیں ماضی کی نشانی اور بعد والوں کے لیے عبرت بنا دیا [56]۔

اور جب ابن مریم کی مثال پیش کی گئی تو تمہاری قوم نے اس پر شور مچا دیا [57] اور کہنے لگے کہ کیا ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ؟ یہ موازنہ انہوں نےصرف تمہارے ساتھ کج بحثی کے لیے کیا، کیونکہ وہ جھگڑالو قوم ہیں [58]۔ وہ تو فقط ہمارے بندہ تھا جس پر ہم نے مہربانی کی اور اُسے بنی اسرائیل کے لیے ایک نمونہ بنا دیا [59] اور اگر ہم ایسا چاہتے توپھر ہم تمہیں بھی ایسا قوت اور اختیار والا [ملائکۃ] بنا دیتے کہ جو زمین پر ایک دوسرے کے پیچھے جانشین بنتے [60]۔ بے شک وہ تو دراصل آنے والے وقت کی آگہی ہے اس لیے تم ان کی باتوں کے بارے میں تردد مت کرنا اور میرا اتباع کرنا۔ یہی استقامت کا سیدھا راستہ ہے [61]۔ اور ایسا نہ ہو کہ سرکشی کی جبلت تمہاری راہ میں رکاوٹ ڈالے، بے شک وہ تمہاری کھلی دشمن ہے [62]۔ اور جب عیسیٰ واضح نشانیوں اور دلائل کے ساتھ ان کے پاس آیا تو کہا کہ میں تمہارے پاس دانائی لے کر آیا ہوں اور اس لیے کہ تمہیں وہ چیزیں واضح کر دوں جن کے بارے میں تم اختلاف رکھتے ہو۔ اس لیے اللہ کے قانون کی پرہیزگاری کرو اور میرے باتیں مان لو [63]۔ درحقیقت اللہ ہی میرا پروردگار ہے اور تمہارا بھی، فلہٰذا اس کی تابع فرمانی کرو۔ یہی استقامت کا سیدھا راستہ ہے [64]۔ پھر بھی ان کے درمیان موجود کچھ گروہوں نے اختلاف کی راہ اپنائی۔ پس تباہی ہے ایسوں کے لیے جنہوں نے حق کی مخالفت کی ، وہ

ایک دردناک دور میں آنے والی سزا کے مستحق ہیں۔ [65] یہ لوگ اب کیا انتظار کر رہے ہیں سوائے اُس وقت کے جو اچانک اُن پر نازل ہوگا اور انہیں پتہ بھی نہ چلے گا [66]۔ یہ وہ وقت ہوگا جب متقین کے علاوہ سب دوست ایک دوسرے کے لیے دشمن ہو جائیں گے [67]۔ اللہ تعالیٰ اُن لوگوں سے جو ہمارے پیغام پر ایمان لائے اور مطیع و تابع فرمان ہو گئے، کہیں گے کہ اے بندوں، آج تم پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ ہی تم غمگین ہو گے [68] [69]۔ تم سب اپنے ساتھیوں سمیت ایک امن و عافیت کی زندگی [الجنۃ] میں خوشیوں کے ہمراہ داخل ہو جاو [70]۔ انہیں ان کے ارد گرد سے ایسا مطالعہ کا مواد [بصحاف] مہیا کیا جائے گا جو اُن کے لیے عمل کی راہیں منکشف کرے گا [من ذھب] اور وہ گذر جانے والے وقت پر اطمینان کی سانسیں بھریں گے [اکواب]؛ اور وہاں ہر وہ شے موجود ہوگی جو آن کی شعوری ذات خواہش کرے گی اور جسے دیکھ کر آنکھیں لذت پائیں گی؛ اور اس کیفیت میں تم سب ہمیشہ رہو گے [71]۔ اور یہی وہ امن و عافیت کی زندگی ہوگی جس کے تم اپنی کارگذاریوں کے بدلے میں وارث بنو گے [72] اور جس میں بکثرت وہ خوشگواریاں ہوں گی جنہیں تم حاصل کروگے [73]۔

بے شک مجرم لوگ ہمیشہ کے لیے جہنم کی سزا بھگتیں گے [74]۔ ان کی یہ سزا کم نہیں کی جائے گی اور وہ اس میں مبتلا مایوسیوں کا شکار رہیں گے [75]۔ اور اُن پر یہ ظلم ہم نے نہیں کیا ہوگا، بلکہ وہ خود پر یہ ظلم کرتے رہے تھے [76]۔ اور پھر وہ آواز دیں گے کہ اے مالک، تیرا پروردگار ہمارا خاتمہ ہی کردے۔ وہ جواب میں کہے گا کہ تم تو یقینا اسی حالت میں پڑے رہوگے [77]، کیونکہ ہم نے تو سچائی کا راستہ تم تک پہنچا دیا تھا لیکن تمہاری اکثریت اس سے نفرت کرتی تھی [78]۔ اگر انہوں نے اپنے راستے پر اصرار کیے رکھا تھا تو اب ہم بھی ان کی سزا پر مصر رہیں گے [79]۔ کیا وہ ایسا سمجھتے ہیں کہ ہم اُن کے راز اور اُن کی سرگوشیاں نہیں سن سکتے تھے؟ ایسا نہیں ہے، بلکہ ہمارے فرستادہ تواُن کے پاس ہی ہیں اور سب کچھ لکھ رہے ہیں [80]۔ انہیں بتا دو کہ اگر خدائے رحمان کی اولاد ہوتی تو میں اس کا سب سے پہلا بندگی کرنے والا ہوتا [81]۔ اس کائنات اور اس زمین کا پروردگار اور اس کے اقتدار کا مالک اُس سے بہت بلند ہے جو یہ اُس سے منسوب کرتے ہیں [82]۔ اس لیے انہیں اپنے فضول خیالات اور وقت گذاری میں مصروف رہنے دو حتیٰ کہ یہ اپنا وہ وقت دیکھ لیں جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے [83]۔ اور وہی ہے جو اس کائنات میں بھی مقتدر ہے اور اس زمین پر بھی مقتدر؛ اور وہ بڑی دانش اور بڑے علم والا ہے [84]۔ اور فیض و برکات کا سرچشمہ بھی وہی ہے جو اس کائنات اور زمین کا اور جو کچھ کہ ان کے درمیان ہے اس سب کا بادشاہ ہے اور وہی الساعۃ یعنی مقرر کردہ وقت کا علم رکھتا ہے اور اسی کی طرف تم سب نے لوٹنا ہے [85]۔ اور یہ لوگ جنہیں اللہ کے سوا شفاعت کے لیے پکارتے ہیں وہ کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے، سوائے اس کے کہ کوئی بر بنائے علم و آگہی حق اور سچائی کے ساتھ شہادت دے سکے[86]۔ اور پھر بھی اگر تم ان سے سوال کرو کہ انہیں کس نے تخلیق کیا ہے تو یہ اعتراف کریں گے کہ اللہ نے۔ پھر بھی ان کے ذہن کتنے پراگندہ ہیں [87]۔ اور پیغمبر کے اس قول کی تصدیق ہوتی ہے کہ "اے رب بیشک یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان نہیں لائیں گے" [88]۔ فلھٰذا، اے نبی، انہیں نظر انداز کر دو اور کہ دو کہ سلامتی ہو۔ عنقریب یہ اپنا انجام جان لیں گے [89]۔